مرآت العاشقین

اعلیحضرت خواجہ شمس الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ کے ملفوظاتِ عالیہ کا مجموعہ

تصوف فاؤنڈیشن

۱۴۱۹ھ

پُرگوھر

اردو ترجمہ

مرآتُ العاشقین

اعلیحضرت خواجہ شمسُ الدّین سیالوی رحمۃُ اللّٰہ علیہ کے ملفُوظاتِ عالیہ کا مجمُوعہ

مرتبہ

سیّد محمّد سعید رح

ترجمہ:

صاحبزادہ غلام نظام الدّین ایم اے مرولوی

تصوّف فاؤنڈیشن

لائبریری ○ تحقیق و تصنیف و تالیف و ترجمہ ○ مطبُوعات

۲۴۹ر این سمن آباد — لاہور — پاکستان

شوروم : المعارف ○ گنج بخش رح روڈ ○ لاہور

کلاسیک کُتب تصوّف ⁝ سلسلۂ اُردُو تراجم

○

ناشر : ابونجیب حاجی محمّد ارشد قریشی
بانی تصوّف فاؤنڈیشن۔ لاہور

طابع : زاہد بشیر پرنٹرز ۔ لاہور

سالِ اشاعت : ۱۴۱۹ھ — ۱۹۹۸ء

قیمت : ۱۵۰ روپے

تعداد : پانچ سو

واحد تقسیم کار : المعارف۔ گنج بخش روڈ۔ لاہور۔ پاکستان

آئی ایس بی این — ۹۶۹ — ۵۰۶ — ۰۱۳ — ۷

○

تصوّف فاؤنڈیشن ابونجیب حاجی محمّد ارشد قریشی اور ان کی اہلیہّ نے اَپنے مرحوم والدین اور لختِ جگر کو ایصالِ ثواب کے لِئے بطورِ صدقہ جاریہ اور یادگار یکم محرم الحرام ۱۴۱۹ھ کو قائم کیا جو کتاب و سُنّت اور سلف صالحین و بزرگانِ دین کی تعلیمات کے مُطابق تبلیغِ دین اور تحقیق و اشاعت کُتبِ تصوّف کے لیے وقف ہے۔

قسم کا اعزاز سادات ہی کا حصّہ ہے ۔ وہ جس کام کو شروع کرتے ہیں اِس کو کمال تک پہنچا کر چھوڑتے ہیں ۔ میں نے عرض کیا اِس زمانے کے سادات میں یہ اوصاف نظر نہیں آتے ۔ آپ نے فرمایا سادات میں سے جو صاحبان ہمارے پاس آئے ہیں ہم نے ان میں سے کسی کو اوصافِ حمیدہ سے بے بہرہ نہیں پایا بلکہ وہ اپنی صلاحیتوں کی پرورش کر کے منزلِ مقصود تک پہنچے ہیں ۔

پھر فرمایا کہ ایک دن حضرت خواجہ تونسوی فرما رہے تھے کہ جو شخص بھی ہمارے اس ٹیلے پر آیا ایمان سے خالی نہ گیا بلکہ نورِ معرفت سے اس کا ایمان کمال تک پہنچ گیا ۔

اِسی موقع پر بندہ نے عرض کیا کہ لفظ آل کا اطلاق کِس پر ہوتا ہے ؟ ۔ خواجہ شمس العارفین نے فرمایا یہ لفظ آلِ رسُول اور اولیاء کے درمیان مشترک ہے ۔ پھر یہ حدیث پڑھی ۔

کل تقی و نقی فھو آلی — ہر متقی اور ہر سید میری آل میں شامل ہے ۔